ilmkidunya

علم کی دنیا

Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Short Question Preparations

Q1. افقی خطوط کی خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: افقی خطوط زمین کے متوازی دائیں سے بائیں رخ میںہوتے ہیں. اور آرام و سکون کا تاثر دیتے ہیں اس کے علاوہ ڈیزائن میںچوڑائی یا افقی پھیلائو کے تاثرات پیدا کرتے ہیں.تنگ جگہوں یا چیزوں کو ان خطوط کے استعمال سے بڑا کر کے دکھایا جاتا ہے. اندرون خانہ آرائش میں ان خطوط کا استعمال میز'صوفے' پلنگ'کھانے کی میز یا سائیڈ ٹیبل میں ہوتا ہے.لمبے ستونوں اور زیادہ اونچی دیواروں پر افقی خطوط کا استعمال کیا جاتا ہے.

Q2. ڈیزائن کے اصول کتنے ہیں.

Ans 1: ڈیزائن کے پانچ اصول ہیں. 1.توازن 2. ہم آہنگی 3.نمایاں کرنا 4.تسلسل اور تناسب یہ ڈیزائن کے اصول کہلاتے ہیں.

Q3. منصوبہ بندی یا پیش بینی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: منصوبہ بندی یا پیش بینی سے مراد ایسی سوچی سمجھی تدابیر ہیں جن پر عمل پیرا ہوکر افراد،کنبے یا گروہ اپنے کم مدت اور لمبی مدت کے مقاصد کو حاصل کرنے کے خواہاں ہوتے ہیں.پایہ مستقبل کے لیے ایسے منصوبوں کی پیش بینی کرتی ہےجن پر عمل کرنا آسان ہو.

Q4. ہیمر اور بائنڈر کے کام تحریرکریں.

Ans 1: ہیمر: یہ ایک ایسا پرزہ ہے جو ترپائی کرنے کے کام آتا ہے. بائنڈر: یہ مغزی لگانے کے کام آتا ہے.

Q5. آمدنی کی کتنی اقسام ہیں.

Ans 1: آمدنی کی دو اقسام ہیں. 1.نقد یا اقتصادی آمدنی 2.اصل آمدنی.

Q6. گھریلو انتظام کے لیے کتنے عوامل ضروری ہیں.نام لکھیں.

Ans 1: گھریلو انتظام کےلیے تین عوامل ضروری ہیں. 1. منصوبہ بندی 2. حکمت عملی یا انضباط 3. جائزہ لینا.

Q7. عمودی خطوط کےاستعمال کی چند مثالیں تحریر کریں.

Ans 1: عمودی خطوط کے استعمال کی چند مثالیں درج ذیل ہیں. 1. دروازے کے عمودی خطوط 2.پردے کے عمودی خطوط 3.عمودی رخ الماریاں 4.کمروں کے کونے پر عمودی خطوط.

Q8. توازن سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: توازن سے مراد 'ایسی ترتیب سے ہے جو نگاہوں میںآرام و سکون اور اطمینان کا تاثر پیدا کرے.

Q9. آمدنی کے انتظامات کی تعریف کریں.

Ans 1: آمدنی کے انتظام سے مراد گھریلو آمدنی کی منصوبہ بندی کرنا، اس پر منضبط عمل درآمد کےلیے اپنی ضروریات اور خواہشات پر قابورکھنا پھر نتائج پر غور و خوص اور تبقیدی جائزہ لینا.

Q10. غلاظتوں سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مویشیوں کے گوبر،پیشاب اور پاخانے کو غلاظتیں کہتے ہیں.